# ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

آر بی آئی/2019-20/218 ۔۔۔ 17 اپریل 2020

ڈی او آر۔بی پی۔بی سی نمبر 64/21.02.067/2019-20

سبھی کمرشیل بینکیں اور سبھی کوآپریٹو بینکیں

محترم/محترمہ!

## بینکوں کے ذریعہ ڈویڈینڈس (منافع) کا اعلان (نظر ثانی شدہ)

بھارت میں بینکوں کو ریزرو بینک کے مورخہ 4 مئی 2005 کے سرکلر ڈی بی اوڈی نمبر بی پی۔بی سی 88/21.02.067/2004-05 و دیگر سرکلرس میں موجود شرائط کے مطابق ڈویڈینڈس (منافع) دینے کی عام منظوری دی گئی ہے۔

2. موجودہ وقت میں کووڈ 19 مہلک وبا کے پھوٹ پڑنے کی وجہ سے بہت غیر یقینی ماحول بن گیا ہے۔اس وقت یہ زیادہ اہم ہے کہ بینکیں اپنے پاس معیشت میں مدد دینے کے لئے، پونجی کو بچا کے رکھیں اور نقصانات کو برداشت کرنے کی سکت رکھیں۔لہٰذا یہ طے کیا گیا ہے کہ 31 مارچ 2020 کو ختم ہونے والے مالیاتی سال میں حاصل کئے گئے منافع کو ڈویڈنڈس کی تقسیم سے اگلی ہدایت تک پرہیز کریں۔اس پابندی کے بارے میں ریزرو بینک 30 ستمبر 2020 کو ختم ہونے والی سہ ماہی کے مالیاتی نتائج کی بنیاد پر دوبارہ غور کرے گا۔

آپ کا مخلص

(سورو سنہا)

چیف جنرل منیجر انچارج